اللہ اکبر

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

کشف المحجوب (اردو)

تصوف کی لازوال شہرہ آفاق کتاب

مصنف

زبدۃ العارفین ابوالحسن سید علی بن عثمان ہجویری رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

مولانا عبدالرؤف فاروقی

ناشر اسلامی کتب خانہ فضل الٰہی مارکیٹ اردو بازار لاہور

نام کتاب	:	**کشف المحجوب**
مصنف	:	زبدۃ العارفین ابوالحسن سید علی بن عثمان ہجویری رحمۃ اللہ علیہ
مترجم	:	جناب مولانا عبدالرؤف فاروقی
پروف ریڈنگ	:	قاری محمد عبدالاحد۔ بادامی باغ، لاہور۔
کمپوزنگ		نوید جاوید۔
ناشر	:	اسلامی کتب خانہ، فضل الٰہی مارکیٹ،
	:	اُردو بازار، لاہور۔

نوٹ

ہماری قارئین سے درخواست ہے کہ ہماری تمام تر کوشش (اچھی پروف ریڈنگ ،معیاری پرنٹنگ) کے باوجود اس بات کا امکان ہے کہ کہیں کوئی لفظی غلطی یا کوئی اور خامی رہ گئی ہو تو ہمیں مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اس غلطی یا خامی کو دور کیا جائے۔

شکریہ!

(ادارہ)

اپنی جگہ پر بیان کریں گے انشاء اللہ۔

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ[1] رحمتہ اللہ علیہ

اور انہی میں سے اماموں کے امام اہل سنت و جماعت کے مقتداء فقہا کے باعث شرف اور علماء کے لئے نشان عزت حضرت ابو حنیفہ نعمان بن ثابت الخرازؒ بھی ہیں مجاہدات اور عبادات میں آپ بڑے صاحب استقامت تھے اور اس طریقت کے اصولوں میں بڑی بلند شان کے مالک تھے۔ آپ نے ابتدائی زندگی میں خلوت نشینی کا ارادہ فرمایا تھا اور لوگوں سے الگ ہو کر بالکل تنہا رہنا چاہا تھا کیونکہ آپ نے اپنے دل کو دنیاوی ریاست اور طلب جاہ سے بالکل پاک کر لیا اور اپنے دل کو حق کے لئے اچھی طرح سنوار لیا تھا حتی کہ ایک رات آپ نے خواب دیکھا کہ آپ کی مبارک ہڈیوں کو آپ کی قبر منور میں اکٹھا کر رہے ہیں اور ان میں سے بعض کو بعض سے چن رہے ہیں۔ آپ اس خواب کی ہیبت سے بیدار ہوئے اور امام محمد بن سیرینؒ کے اصحاب میں سے ایک کے پاس جا کر اس خواب کی تعبیر دریافت کی۔ انہوں نے تعبیر بیان کی کہ آپؐ کے علوم نبوت اور آپ کی سنت کی حفاظت میں بڑے بلند مرتبہ و مقام پر پہنچیں گے اور اس میں پوری مہارت حاصل کر کے صحیح احادیث کو ضعیف روایات سے جدا کریں گے...... آپؒ نے پھر دوبارہ خواب میں پیغمبر علیہ ﷺ کی زیارت کی کہ آپؐ فرما رہے ہیں "اے ابو حنیفہ! اللہ تعالیٰ نے تمہاری زندگی کو میری سنت کے زندہ کرنے کے لئے بنایا ہے" "گوشہ نشینی کا ارادہ نہ کرو"......

آپ ابراہیم بن ادھم، فضیل بن عیاض داؤد طائی، بشر حافی رحمہم اللہ اجمعین اور اسی طرح کے مشائخ طریقت کے بڑوں بزرگوں میں سے بہت سے حضرات کے استاد تھے

---

[1] صاحب کشف المحجوب نے امام اعظم حضرت امام ابو حنیفہؒ کا شمار تبع تابعینؒ میں کیا ہے لیکن یہ ایک مسلمہ تاریخی حقیقت ہے کہ صحابی رسول اللہ ﷺ حضرت انسؓ کی ملاقات اور زیارت کا شرف آپ کو حاصل ہے اس اعتبار سے آپ کا شمار حضرات تابعینؒ میں ہوتا ہے لہذا آپ کا تذکرہ اس سے قبل باب میں ہونا چاہئے تھا۔ (مترجم)